29 اکتوبر 2020ء

# اسٹیٹ بینک نے مالی سال 20-2019ء کا سالانہ کارکردگی جائزہ جاری کردیا

بینک دولت پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 26 اکتوبر 2020ء کو بینک اور اس کے ذیلی اداروں کے کام کے بارے میں سالانہ کارکردگی جائزہ اور 30 جون 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے مالی گوشوارے جاری کردیے۔

بینک کے مالی گوشواروں اور ان کے بارے میں آڈیٹر کی رپورٹ سمیت سالانہ کارکردگی جائزہ عوام کے ملاحظے کے لیے جاری کردیا گیا ہے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ مجریہ 1956ء کی شق (2) 40 کے مطابق وفاقی حکومت کو بھیج دیا گیا ہے۔ سالانہ کارکردگی جائزہ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے اس لنک پر دستیاب ہے:

https://www.sbp.org.pk/reports/annual/arFY20/Vol-1/Consolidated-Report.pdf

***